سوال

(197) نماز کی حالت میں یا اللہ رحم فرما کہنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی کو جوڑوں کا درد ہے، جب وہ بیٹھ کر اُٹھتا ہے تو بہت تکلیف ہوتی ہے، اس کے منہ سے خود بخود نکل جاتا ہے یا اللہ رحم فرما! اب اس کی یہ عادت بن چکی ہے کہ جب بھی بیٹھ کر اُٹھتا ہے اس کے منہ سے یہ لفظ نکل جاتے ہیں، اسی طرح بعض دفعہ نماز کی حالت میں بھی اس سے یہی کلمہ ادا ہو جاتا ہے کیا اس کی نماز صحیح ادا ہو جائے گی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سہواً نکلے تو درست ہے۔ ویسے عمداً بھی کسی وقت یہ کلمہ نکل جائے تو یہ کلام الناس میں شامل نہیں۔

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02